کیا جانوروں کے گردے کھانا جائز ہے؟

مجیب: ابو محمد مفتی علی اصغر عطاری مدنی

فتوی نمبر: Nor-12931

تاریخ اجراء: 07 محرم الحرام 1445ھ / 26 جولائی 2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ کیا قربانی کے جانوروں کے گردے کھانا جائز ہے؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

شرعی طریقے سے ذبح کیے گئے حلال جانور کے گردے کھانا شرعاً جائز ہے، لیکن گردے کھانا مکروہ تنزیہی و ناپسندیدہ ہے۔

گردے کھانے کے مکروہ ہونے کے بارے میں کنز العمال، جامع الصغیر وغیرہ کتبِ احادیث میں مذکور ہے: "والنظم للاول" کان یکرہ الکلیتین لمکانھما من البول" ترجمہ: "(نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم) پیشاب کی وجہ سے گردے کھانے کو ناپسند فرماتے تھے۔ (کنز العمال، کتاب الشمائل، ج 07، ص 110، مؤسسۃ الرسالۃ)

مذکورہ بالا حدیث مبارک کے تحت علامہ عبد الرؤف مناوی علیہ الرحمہ "فیض القدیر" میں فرماتے ہیں: "(لمکانھما من البول) أي لقربھما منه فتعافھما النفس ومع ذلک یحل أکلھما" یعنی ان گردوں کے پیشاب سے قریب ہونے کی بناپر طبیعت ان سے گھن کھاتی ہے۔ اس کے باوجود گردے کھانا حلال ہے۔ (فیض القدیر، حرف الکاف، ج 05، ص 245، مصر)

مفتی احمد یار خان نعیمی علیہ الرحمہ اس سے متعلق فرماتے ہیں: "گردے حضور کو ناپسند تھے، کیونکہ ان کا تعلق پیشاب سے ہے۔" (مرآۃ المناجیح، ج 01، ص 254، نعیمی کتب خانہ، گجرات)

سیدی اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ سے سوال کیا گیا کہ **"گردے کھانے کا کیا حکم ہے؟"** تو آپ علیہ الرحمہ نے جواباً ارشاد فرمایا: "**جائز ہے، مگر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے پسند نہ فرمایا،** اس وجہ سے کہ پیشاب ان میں سے ہو کر مثانہ میں جاتا ہے۔" (ملفوظات اعلی حضرت، حصہ 4، ص 460-461، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

مفتی خلیل خان برکاتی علیہ الرحمہ سے سوال ہوا کہ" بکرے وغیرہ کے گردے کھانا اور بیچنا جائز ہے یا ناجائز؟" آپ علیہ الرحمہ اس کے جواب میں فرماتے ہیں:"**گردے کھانا بھی جائز ہے اور بیچنا بھی جائز۔ البتہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پاکیزگی طبع اور نفاست فطری کے باعث گردوں کو پسند نہ فرماتے تھے۔**" (فتاوی خلیلیہ، ج03، ص139، ضیاء القران، ملتقطاً)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net